A

910

SAMAGRA SHIKSHA KERALA
FIRST TERMINAL EVALUATION 2019-20

STD : IX

Time :1 ½ Hrs

First Language Part-1 (Urdu)

Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ [کہانی، افسانہ، ناول، نظم] 1

2 بچو، شعر پڑھ کر سوال کا جواب دیجیے۔ 1

جس کی ہو کوئی حاجت تجھ سے ہی مانگتا ہے
محتاج بھی ترا ہے حاجت روا بھی تو ہے

ہم اپنی حاجت کس سے مانگتے ہیں؟

3 آسمان پر کالی گھٹائیں چھانے لگیں تو جاوید میاں کا دل 'باغ باغ ہو گیا'۔ 1

بچو، اس جملے میں 'باغ باغ ہونا' سے کیا مطلب ہے؟ چن کر لکھیے۔

(a بہت دکھ ہونا (c بہت خوش ہونا

(b بہت غصّہ ہونا (d بہت ڈر ہونا

4 خدا سے دعا کیجیے کہ اپنا کھانا شریفانہ رہے۔ جھوٹ، چوری اور رشوت سے پاک رہے۔ 1

بچو، یہ کس کا قول ہے؟

(بھگوان داس، بھاگمتی، ممتاز بیگم، ساوتری)

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔ 2

(بھاگمتی، جاوید میاں، رضیہ)

بوندوں کی جھجھاہٹ	بیائیہ	....
امتحان	....	کہانی

2

6 اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں بارش سے تعلق رکھنے والا شعر چن کر لکھیے۔

(a جلووں سے اپنے یارب یہ دل بھی جگمگا دے
مجھ کو ازل سے تیرے جلووں کی آرزو ہے

(b یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

(c وہ دیکھو اٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا

2

7 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔

الف	ب
دل کی آنکھیں	فرحت اللہ بیگ
مٹی کا دیا	نازاں جمشید پوری
امتحان	اسماعیل میرٹھی
مٹی میں جان آگئی	مولانا الطاف حسین حالی

8 اشعار غور سے پڑھیے۔ قوسین سے مناسب شاعر کا نام چن کر لکھیے۔
(نازاں جمشید پوری، الطاف حسین حالی، اسماعیل میرٹھی)

a	جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتے عجب پھول پھل	....
b	جُھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹّی کا دیا ایک بڑھیا نے سرِ راہ لاکے روشن کردیا	....

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ **5x3=15**

3

9 جس کے لیے تو نازاں در در بھٹک رہا ہے
لے کھول دل کی آنکھیں وہ تیرے روبرو ہے
شعر پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔
(a شاعر کس کو دیکھنے کے لیے در در بھٹک رہا ہے؟
(b شاعر ہم سے دل کی آنکھیں کھولنے کے لیے کیوں کہتا ہے؟

10 بھگوان داس کو آج ایک بھی مچھلی نہ ملی، تھکے ہارے وہ گھر واپس آیا اور سوچنے لگا۔ 3

اے خدا! میں کیا کروں.....

بچو، بھگوان داس کے دل میں اس وقت کیا کیا خیالات ابھر آئے ہوں گے ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

11 نیچے دیے جملے غور سے پڑھیے پسندیدہ ایک کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

* آدمی وہی ہے جو آدمی کے کام آئے۔

* صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

12 کہانی امتحان آپ نے پڑھی ہے نا؟ رضیہ اس کہانی کا کردار ہے۔ 3

a) اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

13 'مٹی کا دیا' آپ نے پڑھی ہے نا؟ اس میں شاعر بڑھیا اور ان کا مٹی کا دیا کے بارے میں کیا کیا کہتے ہیں؟ 3
نظم کا مرکزی خیال پر نوٹ لکھیے۔

14 جاوید میاں سوچنے لگا کہ ندی نالوں میں صاف اور شفّاف پانی آج ہے کہاں ؟ 3

بچو، آپ کے گاؤں کے ندی نالوں کی حالت کیا ہے؟ نوٹ تیار کیجیے

15 3

ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے
ہر اک پھول کا ایک نیا رنگ ہے
یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا
کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا

اس میں شاعر پہلی بارش سے زمین پر ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں بیان کر رہا ہے۔
بچو، پہلی بارش سے زمین پر کیا کیا تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں؟ شعر کی روشنی میں نوٹ تیار کیجیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4=16**

16 اشاروں کی مدد سے شاعر اسماعیل میرٹھی کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

اسماعیل میرٹھی	
نام	: اسماعیل میرٹھی
پیدائش	: ۱۸۴۴ میرٹھی
والد کا نام	: شیخ پیر بخش
شہرت	: بچوں کا شاعر
وفات	: ۱۹۱۷

17 ہم دیوالی، وشو جیسے مختلف تہوار مناتے ہیں۔ تہوار مناتے وقت ہم دیے جلاتے ہیں، پٹھاخے چھوڑتے ہیں 4
اور پھلجڑی جلاتے ہیں۔ اس وقت کبھی کبھی بڑا حادثہ یا خطرہ ہونے کی امکان ہے۔
بچو، اس طرح کے خطرے یا حادثے سے بچنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ لکھیے۔

18 لاکلاس (Law class) کا امتحان پاس کر کے لڑکا خوشی خوشی گھر آیا۔ بھائی جان کو دیکھ کر اس کی بہن رضیہ 4
نے پوچھا.........
رضیہ :- کہو بھائی جان! امتحان میں پاس ہو گئے؟
بھائی جان :..................
بچو، بھائی جان اور رضیہ کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

19 کیرلا میں ۴۴ ندیاں بہہ رہی ہیں۔ برسات کے زمانے میں ان ندیوں میں پانی بھر کر سیلاب آتا ہے۔ پھر 4
بھی گرمی کے موسم میں ہم پانی کے لیے ترستے ہیں۔
بچو، اس طرح کی قدرتی آفات Man made disaster سے بچنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات
لکھیے۔

20 جاوید میاں کے گاؤں والے ایک ایک بوند پانی کے لیے خدا سے دعا کر رہے ہیں........... 4
بچو، جاوید میاں کا بیٹا نیوزیلینڈ میں ہے۔ جاوید میاں اپنے گاؤں کی ساری حالت بتاتے ہوئے بیٹے شکیل کے
نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔
بچو، بیٹے کے نام جاوید کا خط تیار کیجیے۔

21 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

میری عمر کوئی سترہ سال کی تھی۔ انٹرنس کا امتحان پاس کر لیا تھا۔ لاکلاس کا پہلا سال بھی ختم نہ ہوا تھا کہ یکایک والد کا انتقال ہو گیا۔ گھر میں میری والدہ صاحبہ تھیں، میں اور میری چھوٹی بہن رضیہ۔ اس کی عمر پانچ سال کی تھی۔ والدہ کے پاس سلائی کا کچھ کپڑا آ جاتا۔ اس سے اور تھوڑا بہت جو زیور رہا تھا، اس کو بیچ کر گزارا کرتے۔

اشارے: (کون، کیا، کیوں، کیسا، کب، کتنا)